ساغر اقبالی

زبان میری ہے بات اُن کی

☆فوکر طیارہ کی جائے حادثہ خرید کر، بیٹے کے ثواب کے لیے مسجد و مدرسہ بنواؤں گی۔ (والدہ پائلٹ)

کوئی بناتا ہے کوئی تاراج کرتا ہے، اپنے اپنے نصیب کی بات ہے

☆انسانی جانوں کے ضیاع پر پورا ملک افسردہ ہے۔ (شوکت عزیز)

معصوم بچوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا

☆مشرف کو پسند کرتا ہوں۔ (بش)

میرا آئیڈیل کمال اتاترک ہے۔ (مشرف)

☆چیف جسٹس کیس۔ کچھ کاغذات وزیراعظم کے نوٹس کے لیے تیار کئے گئے تھے، عجلت میں عدالت میں پیش ہو گئے۔ (سیکرٹری قانون)

کسی کو دیکھ کے ساقی کے ایسے ہوش اُڑے　　شراب سیخ پہ ڈالی کباب شیشے میں

☆میرے سامان کو میری امی اور ابو کے سوا کوئی نہ چھیڑے۔ (کتابوں، کاپیوں، کپڑوں کے ڈھیر پر، جامعہ حفصہ کی ایک معصوم بچی کا وصیت نامہ)

ایسے ننھے فرشتوں کی ہلاکت پر حکمرانوں اور بے نظیر نے خوشی منائی

☆لال مسجد سے خودکش بیلٹس برآمد ہوئیں۔ (وزیر داخلہ)

کوئی خودکش حملہ ہوا نہ بیلٹس ملیں۔ (ترجمانِ وزارتِ داخلہ)

☆رُشدی کو ''سر'' کا خطاب دینے کا مقصد مسلمانوں کی دل آزاری نہیں۔ (برطانیہ)

رُشدی کی دل جوئی ہے۔

☆لال مسجد سائیلنس نہیں وائیلنس آپریشن تھا

بلاتبصرہ!

☆لال مسجد انتظامیہ کے مطالبات قانون سے متصادم تھے۔ (وزیراعظم)

کوئی غلطی نہیں کی، نفاذ شریعت اور بے حیائی کا خاتمہ چاہتا تھا۔ (عبدالرشید غازی شہید کی آخری گفتگو)

☆ایک تابوت میں دو، دو تین، تین لاشیں دفنائی گئیں۔ خاتون، مرد کی تمیز نہیں رکھی گئی، بغیر جنازہ دفنایا گیا (ایم ایم اے، وفاق المدارس کا احتجاج)

اپنا مر مانا یاد نہیں!

☆حکومت سے ڈائیلاگ ہو رہا ہے، ڈیل نہیں۔ (بے نظیر)

حالانکہ ''ڈیل'' بڑے زور شور سے بج رہا ہے اور سب کو سنائی دے رہا ہے۔

☆وفاقی وزیر اعجاز الحق سی ایم ایچ میں ایک زخمی سیکورٹی اہل کار کی عیادت کرتے ہوئے ہنس رہے ہیں۔ (ایک تصویر)

☆اعجاز الحق۔ ٹی وی پر لال مسجد کی تباہی کے ذکر سے رو پڑے۔

ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ　　دیتے ہیں دھوکا یہ بازی گر کھلا